سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب، on the last Private Members' Day میں نے ایک favour کیا تھا کہ اپنا ایک بل دوبارہ Law Committee کو بھیجا تھا but just to educate my colleagues, according to Rule 28 of the Rules of Business, 1973, the Government can give its suggestion only when the Bill is in Committee or during when it is admitted not after the Bill has been passed by the Committee and it's laid in the House. They come and oppose it here. I do not think that it only helps aspect of health but it is something that will help everybody. Every time the Government objects.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، میں یہ گزارش کروں کہ چونکہ جو criminal law ہے، اس کے اندر یہ amendment ہے اور criminal law Interior کا ہوتا ہے۔ اس لیے میں آپ سے گزارش کروں یہ جانا تو Interior Committee میں ہی تھا۔ چونکہ یہ Criminal Procedure Code کی amendment ہے، اس وجہ سے یہ Interior Committee میں گیا ہے۔ یہ ایک الگ بات ہے کہ کس subject کے ساتھ ہے لیکن یہ amendment criminal

lawمیں ہے۔ آپ نے بالکل بجا طورپر کہا اور اسی وجہ سے یہ وہاں unanimously pass ہوا۔ دوستوں نےاور ممبران نے بھی اسےsupport کیا۔مزید دیکھنا ہے تو اسے نیشنل اسمبلی بھی دیکھ سکتی ہے۔جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: دیکھیں بالکل criminal law and its implementation ہم نے کرنی ہے لیکن وہ criminal معاملہ اسکول اور اسپتال میں بھی ہو سکتا ہے۔ دیکھیں میری ایک اتنی سی گزارش ہے کہ آپ private hospitalsکے بارے میں بل لے کر آرہے ہیں اور اسی طرح آپ دوسرے اسپتالوں کے بارے میں بھی بل لے کر آرہے ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ ہیلتھ والوں کو اس پر on board بھی نہ لیں۔آپ کے lawsکا impactبہت بڑا ہوتا ہے جو نہ صرف نیشنل بلکہ انٹر نیشنل بھی ہوتا ہے۔ اگر آپ نے اسے دوبارہ نہیں بھیجنا ہے تو میں اسے oppose کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

(Interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن عزیز صاحب، پہلے یہ motion put کرنے دیں۔جی بات کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب، میں اس کے متعلق عرض تو کر دوں۔ بات یہ ہے کہ یہاں بل آتے ہیں او ر پھر وہ آپ committees کو بھجوا دیتے ہیں۔ سب سے پہلے تو یہ سیکرٹیریٹ کا کام ہے کہ وہ کس کمیٹی کو بھجوادے۔ جیسے آپ نے کہا کہ اسے concerned Committee کو بھجوادے۔ وہاں پر جب بل چلا گیا اور کمیٹی میں discuss ہو گیا۔ If there was a problem in that Committee, I think the Honourable Members or authorities of the Ministryاس وقت اس پر objection کریں۔Same time اگر وہاں پر confusion تھی تو اس منسٹری کو بھی کمیٹی میں بلایا جا سکتا تھا۔ چلیں اب next meeting میں تو بلا سکتے ہیں۔ یہ وہاں سے پاس ہو کر آیا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

(Interruption)

Mr. Presiding Officer: I, again put the motion before the House.

(Interruption)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، میں تو ایوان کی sense لے رہا تھا۔ جی میڈم شیری رحمان صاحبہ، آپ کچھ کہنا چاہ رہی ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: I think Senator Sahiba کا کہنا ہے کہ it is about dead bodies اور وہ انہیں release نہیں کرتے۔ اگر اس میں ہیلتھ والوں کی سنوائی نہیں ہوئی ہے تو پھر دوبارہ کمیٹی میں کیوں نہیں آئے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: کیونکہ ہمیں بلایا نہیں تھا اور اسے اتنی speed سے پاس کیا ہے۔ جب آپ ایسی legislation کرتے ہیں جس میں خامیاں ہوتی ہیں تو اس کے impacts ہوتے ہیں۔ ہاؤس کا ایک پورا decorum ہوتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: میں ایک بات politely بول دوں۔ میں نے بہت clearly منسٹر صاحب کو وہ چیز بتائی تھی۔ اب میں اور کچھ نہیں بولنا چاہتی لیکن اتنا میں ضرور بولوں گی .this is not about private or government hospitals It is about hospitals which detain the bodies illegally in their hospitals and take money from the patients. This is extortion, and it is do with Interior Ministry. May be it is not clear to him and may be it is clear on him later on but he wants to waste our time. If he wants then send it to the Health Committee. جیسے کے وہاں پہنچتے ہی اگر لوگ مر جاتے ہیں۔۔۔ جناب، اگر یہ Health Committee کو refer ہو رہا ہے تو طلال صاحب سے کہیں کہ وہاں present ہوں so then he does not say کہ وہاں سے پاس نہیں ہوا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر شیری رحمان۔

سینیٹر شیری رحمان: دیکھیں ان کا اس وقت view یہ ہے کہ اسے کمیٹی نے پاس کر دیا ہے لیکن State Minister for Interior said that we have not had the right health experts to examine it. She has worked very hard on it. So instead of being defeated, I would suggest via media کہ سینیٹر صاحبہ آپ اسے defer کروادیں تاکہ ایک دفعہ ہیلتھ والے بھی اس کا مطالعہ کرلیں۔ Your objectives are clear in the bill. بس ابھی اسے defer کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل اسے defer کردیتے ہیں لیکن ایک بات میں clear کر دوں کہ یہ سب سے پہلے ہیلتھ کمیٹی میں گیا تھا پھر ہیلتھ کی کمیٹی نے کہا کہ یہ Interior Committee سے relate کرتا ہے تب یہ Interior Committee میں گیا۔جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: میں یہ گزارش کروں کہ آپ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ میں وہ ساری روداد نہیں سنانا چاہتا۔ میں نے اتنی گزارش کی تھی کہ ہیلتھ والوں کو بلا لیں تو ہیلتھ والوں کو بلا لیتے ہیں نا۔آپ ایک رائے تو لے سکتے ہیں کیونکہ یہ ہاسپٹلز کے بارے میں بل ہے یا billions of rupees کی لوگوں کی investment ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں اسے defer کرلیتے ہیں لیکن یہ Interior Committee میں جائے گا۔ میں سیکرٹریٹ کو یہ کہتا ہوں کہ وہاں Health Ministry کو بھی بلالیں۔(Contd...T08) We now move on to Order. No. 46.

T08-26 Oct2026 Taj/Ed. Mariam 05:20 p.m.

Mr. Presiding Officer: Order No. 46, Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No. 46.

Consideration and passage of [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026]

Senator Samina Mumtaz Zehri: Sir, I move that the Bill further to amend the Islamabad Consumers Protection Act, 1995 [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Minister Sahib, is it opposed?

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! یہ بھی اسی طرح کا health والا Bill ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب! یہ کہاں سے health والا ہے۔ Sir, then should I take the Secretariat to task کہ جو health کا ہے، وہ داخلہ میں بھی ہو۔۔۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! یہ بات بالکل میڈم صحیح کہہ رہی ہیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز: جناب! یہ تو گھمار ہے ہیں۔ یہ ہر مرتبہ، ابھی ان کا نیا ہے، حکومت والے پہلے Article 74 لگاتے ہیں، اب یہ لگا رہے ہیں۔

Sir, they just want to delay the Bill. I don't know why they don't want to work. You cannot keep on moving the Bills up. The report is being laid. This is the third Bill. This is a joke.

خود تو کام کرتے نہیں، دوسروں کو بھی کام کرنے نہیں دیتے۔۔۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! اللہ کا شکر ہے کہ پورا کام کرتے ہیں اور کام کرنا آتا ہے۔۔۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: نہیں جناب! نہیں کر رہے ہیں۔ Sorry! I am saying this on record. یہ نہیں ہوتا۔۔

سینیٹر محمد طلال بدر: اگر آپ کوئی personal debate کرتی ہیں تو اس کے لیے بھی میں تیار ہوں۔ جو میں نے oppose نہیں کیے۔ میں بل یا ممبر دیکھ کر oppose نہیں کرتا۔ جو رائے department کی طرف سے آئی ہے، میں تو وہ پڑھ رہا ہوں، اس بات پر personal ہونے کی کیا ضرورت ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم ثمینہ زہری صاحبہ یہ بتائیے گا کہ کمیٹی کی رپورٹ نے کیا کہا تھا۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب چیئرمین! میں آپ کو بتاؤں کہ یہ Consumers Protection Bill Interior Committee سے گیا تھا اور Interior Committee میں آیا تھا، پھر Interior سے Science and Technology گیا ہے، پھر Science and Technology Committee سے National Food Security Committee کو میں گیا ہے۔ تین کمیٹیوں نے اسے discuss کیا ہے۔ ابھی یہاں پر آیا ہے، ابھی پھر یہ کہتے کہ نہیں، یہ تو health میں جائے گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں ہم اس میں House کی sense لے لیتے ہیں۔ منسٹر صاحب! چونکہ کمیٹی کی رپورٹ lay ہو چکی ہے۔

سینیٹر شیری رحمان: Bill کی intents describe کرنے دیں۔ آپ کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: مجھے یہ بتائیں کہ یہ بل کمیٹی سے unanimously pass ہوا ہے۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: Yes.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کے سامنے mover صاحبہ سے پوچھا ہے کہ کمیٹی کی رپورٹ نے کیا کہا ہے۔ دیکھیں، اس میں منسٹر صاحب کی dissent ہے۔

"Pragraph No. 7: Therefore, notwithstanding the dissent of the Minister of State for Interior, the Chairman put the Bill to the vote before the Members which carried unanimously by all Members present. The Committee accordingly recommended the Bill."

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل ڈاکٹر صاحب، وہی تو آپ سے گزارش کر رہا ہوں۔ سنیں ناں، وہی آپ والی بات کی ہے۔ جی طارق فضل چوہدری صاحب کچھ کہنا چاہ رہے ہیں۔ سب دوست سن لیں۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): جناب! میری گزارش یہ ہے کہ اگر اس میں technical کوئی ایسی بات ہے، جس طرح وزیر مملکت برائے داخلہ صاحب فرما رہے ہیں کہ اس میں health کی input آنی چاہیے تھی اور اگر وہ نہیں آئی اور انہوں نے میٹنگ میں اپنا dissenting note بھی دیا ہوا ہے۔ تو اس کو دوبارہ کمیٹی میں بھیج کر جس طرح پچھلے بل میں آپ نے direction دی ہے، میرا خیال ہے کہ ایک مرتبہ پھر اس کو examine کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جناب! ہمیں تو department کی طرف سے تحریری طور پر جو رائے آتی ہے، ہم نے تو ایوان کے سامنے وہی پیش کرنی ہوتی ہے۔ یہاں پر کسی بھی وزیر کی کوئی ذاتی رائے نہیں ہوتی، department جو رائے دیتی ہے، ہم اسی رائے کو یہاں پر ایوان کے سامنے رکھتے ہیں۔ للذا، وہ اس وقت اس کو oppose کر رہے ہیں تو بجائے اس کے کہ اس کو یہاں پر defeat کریں، اگر اسے دوبارہ کمیٹی کو بھیجیں اور health کی input بھی اس میں آ جائے تو میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! سب دوستوں کو سنیں گے۔ میری گزارش سن لیں۔ منسٹر صاحب! چونکہ یہ consumers protection سے متعلق تھا اور consumer protection Interior کے domain میں آتا ہے تو سیکرٹریٹ نے بل یہاں پر بھیجا، انہوں نے Interior میں بجا طور پر بھیجا۔ جس طریقے سے Mover صاحبہ نے کہا کہ یہ پہلے Science and Technology Committee میں گیا، ایک کمیٹی میں، دوسری میں، پھر دوبارہ وہاں پر آ کر land کیا، تو یہ، یا تو کمیٹی میں request کرتے، وہاں پر ان کو دوبارہ بلا لیتے۔ دلاور خان صاحب! آپ کیا کہنا چاہیں گے؟

Senator Dilawar Khan

سینیٹر دلاور خان: شکریہ، جناب چیئرمین! جناب! یہ نظام، سینیٹ، پارلیمنٹ rules اور آئین کے تحت چلتا ہے۔ اگر کسی ممبر نے یہاں پر بل پیش کیا یا کوئی issue کمیٹی میں چلا گیا تو جب وہ کمیٹی میں جاتا ہے تو آپ کے ساتھ سینیٹ سیکرٹریٹ ایک full-fledged department موجود ہے، وہ اس کی scrutiny کرکے concerned department کو بھیجتے ہیں۔ اب اگر concerned department کو بھیج کر داخلہ کمیٹی میں یہ بل گیا اور اس میں ایک ایسی چیز تھی جو Health Ministry سے related تھی تو اس کو defer کرتے اور دوسری میٹنگ میں Health Ministry کو بھی بلاتے۔ اگر نیشنل سیکورٹی کا تھا یا سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا تھا تو ان کو بھی بلا لیتے۔ یہ تو بالکل نالائقی ہے۔ اگر یہاں پر ممبر صاحب اور وزیر داخلہ، جو میں نے اس دن کہا تھا شہد کا دلدل ہے۔ طلال چوہدری صاحب! یہ وہی شہد کا دلدل ہے، کبھی اِدھر پھرتا ہے اور کبھی اُدھر پھرتا ہے۔ میری گزارش یہ ہے۔۔۔۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی دلاور خان صاحب۔

سینیٹر دلاور خان: جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ جب کوئی چیز ایوان میں پیش ہوتی ہے تو وہ سیکرٹریٹ کو آتی ہے تو سیکرٹریٹ کو بھی چاہیے کہ اگر اس میں دو وزارتیں involve ہیں تو وہ دونوں وزارتوں کو بلائیں لیکن جب ایک مرتبہ بل چلا جائے، سینیٹر صاحبہ کی جو شکایت ہے کہ بل کبھی داخلہ کمیٹی میں چلا جاتا ہے، پھر ایوان میں آ جاتا ہے اور دوبارہ اس پر objection ہو جاتا ہے تو یہ نالائقی کس کی ہے۔ پھر یہ responsibility fix کروا دیں تاکہ آئندہ اس طرح کی practice نہ ہو۔ مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دلاور صاحب! میں گزارش کروں کہ نالائقی کی بات نہیں ہے۔ جیسے میں نے پہلے گزارش کی کہ چونکہ Bill consumer protection سے متعلق تھااور اس کو داخلہ کمیٹی میں جانا تھا، وہ داخلہ کمیٹی میں گیا۔ روبینہ خالد صاحبہ! آپ نے اس بل پر بات کرنی ہے یا کوئی اور بات کرنی ہے۔

سینیٹر روبینہ خالد: ہم نے بہت ضروری بات کرنی ہے، میں نے بھی اور سرمد صاحب نے بھی بات کرنی ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کے بعد، یہ ختم ہونے والا ہے۔ فیصل سلیم صاحب! آپ چیئرمین، کمیٹی بھی ہیں، آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟

Senator Faisal Saleem Rehman

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: شکریہ، جناب چیئرمین! میں یہی گزارش کرنا چاہ رہا تھا۔ جس طرح محترم دلاور خان صاحب نے کہا کہ ایک چیز ہمارے پاس کمیٹی میں آجاتی ہے اور کمیٹی اس کو examine کرکے، approve کرکے واپس یہاں پر ایوان کو بھجوادیتی ہے اور اس پر باقاعدہ ووٹنگ ہوتی ہے یا مختلف departments کی views لی جاتی ہیں۔ آپ نے خود وہاں پر working دیکھی ہے کہ ہم کس طریقے سے issues کو کمیٹی میں دیکھتے ہیں۔ اس کے باوجود یہاں پر آکر پھر اس پر object کرنا۔ پھر تو کمیٹی میں نہ بھجوائیں، یہاں پر ہی پیش کریں اور یہاں پر objection کریں، reject کریں۔ اگر ان کا یہی مقصد ہے تو پھر یہ کریں۔ (جاری۔۔۔T09)

T09-26Oct2026 Rafaqat Waheed/Ed: Neelam 5:30 pm

سینیٹر فیصل سلیم رحمٰن: (جاری) پھر تو کمیٹی میں نہ بھجوائیں۔ یہیں پر ہی پیش کریں، یہیں پر ہی objection کریں اور reject کریں۔ اگر ان کا یہی مقصد ہے تو پھر ایسے کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فیصل صاحب! میں ہاؤس کی sense لے لیتا ہوں۔ جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! سب سے پہلے بات یہ ہے کہ جیسے سب نے بات کی، میں اسے repeat نہیں کرنا چاہتا۔ ابھی انہوں نے کہا ہے کہ let's say پوائنٹ نمبر 7 تھا، اس پر منسٹر صاحب کا ایک موقف تھا۔ دیکھیں، جب سینیٹ کی کمیٹی میں ووٹنگ ہوتی ہے، اس میں منسٹر کا کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ اس میں کمیٹی کے ممبرز ووٹ ڈالتے ہیں۔ اگر کمیٹی کے اراکین نے unanimously approve کر دیا ہے

تو اس کا مطلب ہے کہ وہ pass ہے۔ ان کی رائے کا ہم احترام کرتے ہیں لیکن ان کی رائے ہونے کے باوجود ہم لوگوں نے decide کیا ہے کہ اسے ہم لوگوں نے pass کرنا ہے۔ نمبر دو، اگر آپ کو یہ after thoughts آرہی ہیں تو اسے کیا کہیں، اسے incapacity of managing things at the right time کہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! میں clarify کردوں۔ گزارش یہ ہے کہ یہ after thought نہیں ہے۔ آپ کمیٹی کی رپورٹ کا پیراگراف نمبر 6 پڑھ لیں جس میں clearly کہا گیا ہے۔ میں دوبارہ بڑے ادب کے ساتھ یہ گزارش کرتا ہوں کہ جو legislation ہوتی ہے، جتنی کمی کوتاہی سے پاک ہو، ہونی چاہیے۔ یہ highest office کی legislation ہے۔ اس سے بڑا اور کوئی فورم نہیں ہے۔ یہ کوئی میونسپل کارپوریشن تو نہیں ہے۔ یہ پارلیمنٹ کا upper House ہے۔ میں نے اتنی گزارش کی ہے اور ابھی بھی میں ممبر صاحبہ سے یہی گزارش کررہا ہوں۔ میرا نمبر 6 پڑھ لیں، میں نے کہا تھا کہ اس معاملے میں Health والوں اور اسی طرح اسلام آباد ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی (IHRA) کو بلا کر صرف پوچھ لیں۔ اگر پوچھ کر input آجائے گا، مجھے اس بل پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے اگر اس کی implementation آسان ہو جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! کامل علی آغا صاحب سے پوچھ لیتے ہیں کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا: منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ میرے خیال میں یہ کوئی prestige matter نہیں ہے۔ یہ بل پہلے داخلہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے پاس گیا تھا۔ وہاں سے Food والوں کے پاس چلا گیا۔ Food والوں نے کہا کہ ہمارا تو اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے تو وہ ہاؤس کو refer back ہو گیا۔ سینیٹ نے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی کمیٹی کو بھیج دیا۔ ہمارے پاس آگیا، میں اس کمیٹی کو chair کررہا تھا۔ اس میں ہم نے Food والوں کو بھی بلایا کہ بھئی، کیا مسئلہ ہے؟ یہ معاملہ جو soft drinks کے حوالے سے ہے، کیا یہ آپ سے متعلق ہے؟ انہوں نے کہا کہ جی، یہ ہمارا مسئلہ نہیں تھا، اس کے اندر ہم نے بھی suggest کیا کہ یہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے پاس چلا جائے کیونکہ quality control اور اس طرح کے معاملات سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے under آتے ہیں۔ لہٰذا، ہم نے تین meetings کے اندر اس پر due deliberations کیں، مختلف آراء کو شامل کیا، تمام ممبران نے بڑی دلچسپی لی اور اسے unanimously pass کیا۔ اس

لیے معترض نہیں ہونا چاہیے۔ Ultimately, control تو داخلہ کے پاس ہی رہنا ہے۔ ہماری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی کمیٹی جس کو ہاؤس نے معاملہ بھیجا، ہم نے خود تو اس کو نہیں بلوایا اور نہ ہی ہمارا اس میں کوئی ذاتی interest تھا۔ ہاؤس نے جب بھیجا تو اس پر ہم نے پوری توجہ کے ساتھ discussion کی، پوری آراء کے ساتھ اسے ہم نے unanimously pass کیا اور اس کی رپورٹ ہاؤس کو بھیج دی۔ رپورٹ یہاں پر پڑھی گئی، اس کے بعد یہ بل کی صورت میں اب آپ کے سامنے ہے۔ میرے خیال میں اس بل کو pass ہونا چاہیے۔ یہ بڑا ضروری بل ہے اور اس سے بہت سارے فائدے ہوں گے، لہٰذا، اس کو pass کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! اگر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی کمیٹی نے اسے pass کر دیا ہے تو صرف منسٹر کی consent لے لیں۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اگر انہوں نے pass کر دیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم ثمینہ کو سن لیتے ہیں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: چیئرمین صاحب! میں صرف اتنی گزارش کروں گی، آپ نوٹ کریں کہ جو last Monday کو private members' day تھا اور اس Monday کو، داخلہ کی کمیٹی کے جتنے bills ہیں، انہوں نے defer کیے ہیں۔ Honour killing کے معاملے پر ایک بہت اہم بل تھا، انہوں نے کہا کہ اس کو آپ Law and Justice کی کمیٹی میں بھیجیں۔ I agreed and said ok, let it go through. ابھی انہوں نے مجھے request کی کہ Health کو بھیجیں، بھیج دیا۔ انہوں نے خود Interior سے اٹھا کر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں بھیجا تھا حالانکہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی پوری ٹیم نے کہا، منسٹر خالد مگسی صاحب خود بیٹھے تھے، انہوں نے کہا کہ صرف energy drinks کا level ہمارے control میں آتا ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ implementation ہے یا تو وہ Interior کے پاس جائے گا۔ Sir, I think Mr. Tallal Chaudhary is taking this personally یہ جو داخلہ کمیٹی میں جتنے بھی bills pass کیے ہیں۔ Tinted window کے معاملے پر ان کو اس لیے objection نہیں تھا کیونکہ انہوں نے خود recommend کیا تھا کہ آپ بل لے کر آئیں کیونکہ ان سے نہیں ہو رہا تھا۔ اس لیے جناب! اب بہت ہو گیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں، میں put کر دیتا ہوں۔ منسٹر صاحب! ہاؤس کا sense لے لیتے ہیں۔ جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب! صرف سینیٹر صاحبہ کو یہ بتائیں کہ آج میں نے کتنے bills, not opposed کیے ہیں۔ ابھی سرمد صاحب نے legislation کی ہے۔ جناب! ہماری رائے person specific نہیں ہوتی۔ میں بالکل بھی ایسا نہیں ہوں۔ میں نے تو کہا ہے کہ اگر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے کر دیا ہے تو اس کا منسٹر کہہ دے۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب! ایک point of order ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پوائنٹ آف آرڈر کا موقع آپ کو بعد میں دیں گے۔

سینیٹر خلیل طاہر: جناب! آپ رولز کے مطابق point of order لے سکتے ہیں۔ جناب! آپ Chair ہیں اور ultimately آپ کا فیصلہ final ہونا ہے۔ آپ اپنی ruling دیں۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

(The voices of "Ayes" and "Noes" were inconclusive)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں، اس میں counting کروالیں۔ یہ Consumer Protection والا بل ہے۔ جو اراکین اس motion کی favour میں ہیں، وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں۔

(Members rose up in their seats)

Mr. Presiding Officer: Those who are against the motion may please rise in their seats.

(Members rose up in their seats)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شیری رحمان صاحبہ! آپ کچھ کہنا چاہتی ہیں؟

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! اتنی دیر سے Consumer Protection Bill جو کمیٹی سے نکل آیا ہے، اس پر بات ہو رہی ہے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: اب کہا یہ جا رہا ہے کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے منسٹر آ جائیں تو وہ آ کر جواب دیں گے۔

سینیٹر شیری رحمان: کیا سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے منسٹر آ رہے ہیں؟ نہیں آ رہے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: ان کی رائے آنے دیں۔ ان کی opinion آنے دیں۔

سینیٹر شیری رحمان: بات یہ ہے کہ Private Members' Day بار بار آتا نہیں ہے۔ It is not her problem that he is not here.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم شیری رحمان صاحبہ! آپ کیا کہنا چاہ رہی ہیں؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: رانا ثناء اللہ صاحب! آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ (T10 پر جاری ہے)

T10-26Oct2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 5:40 pm

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم شیری رحمان صاحبہ! آپ کیا کہنا چاہ رہی ہیں؟

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی رانا صاحب! آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں؟

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (سیاسی و عوامی امور اور بین الصوبائی رابطہ): طلال صاحب یہی کہہ رہے ہیں کہ آپ اسے pend کر دیں، Minister for Science and Technology آ جائیں تو پھر انہیں سننے کے بعد اس پر voting ہو جائے گی، اتنی سی بات ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: یہ Billواپس Interiorکو بھیجا تھا کہ this is your domain, not ours, ان کو پڑھنا آتا ہے، یہ تھوڑی detailsمیں چلے جاتے تو انہیں سمجھ آ جاتی کہ کیا مسئلہ ہے۔ جناب والا! سینیٹ کو بند کر دیں، یہ House نہیں چلنے دیں گے، ہم اپنا پیسہ اور وقت ضائع کر رہے ہیں اور حکومت کا بھی ضائع کر رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی بتائیں countingکے بارے میں، ہم announce کر دیتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ favourمیں چھ ہیں اور againstمیں آٹھ ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جو ممبران motionکی favourمیں ہیں، وہ دوبارہ سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں۔

(اس موقع پر ممبران اپنی سیٹوں پر کھڑے ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جو ممبران motionکے against ہیں، وہ اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں۔

(اس موقع پر ممبران اپنی سیٹوں پر کھڑے ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس motionکے favourمیں دس ہیں اور اس کے againstچار ممبران ہیں،

Therefore the motion is adopted. Second reading of the Bill. Clause 2 to 3.

There is no amendment in Clause 2 and 3. So I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clause 2 and 3 do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Clause 2 and 3 stands part of the Bill. We may now take up the Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do form of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title stand part of the Bill. Order No. 47, Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No. 47.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, move that the Bill further to amend the Islamabad Consumers Protection Act, 1995 [The Islamabad Consumers Protection (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed.

جناب امیر مقام صاحب کی ایک resolution ہے۔ جی امیر مقام صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی روبینہ خالد صاحبہ! آپ کیا کہنا چاہتی ہیں؟

Point of public importance raised by Senator Rubina Khalid regarding the closure of weekly bazar in Islamabad

سینیٹر روبینہ خالد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ہم نے ابھی جس Bill پر تقریباً پچاس منٹ بات کی، یہ consumers protection کا Bill تھا، یہ اچھی چیز ہے، یہ ہونی چاہیے تھی لیکن consumers اگر رہیں گے تو ان کی protection ہو گی۔ اس وقت لوگوں کے جو حالات وہ آپ کے سامنے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام سینیٹرز کو سخت تشویش ہے، ہم نے دیکھا ہے کہ اسلام آباد کا اتوار بازار جہاں سے middle and lower middle class کے لوگ اپنی commodities وہاں سے لیتے ہیں تو انہیں تھوڑا سا relief مل جاتا ہے، we all are aware of this. اب ہم خبروں میں یہ دیکھ رہے ہیں اور سن رہے ہیں کہ اسے بند کیا جا رہا ہے، CDA کے مطابق ان کے fire security standards نہیں ہیں۔ جناب والا! آپ نے بھی دیکھا ہو گا کہ وہ ایک کھلا بازار ہے اور اس میں سارے soft

structures ہیں، خدانہ کرے اگر ایسا کوئی واقعہ ہوتا ہے تو اس میں شاید اتنا جانی نقصان کا خطرہ نہیں ہو گا لیکن ہم یہ جاننا اور پوچھنا چاہیں گے کہ جو بڑے بڑے plazas ہیں، shopping malls ہیں، کیا ان کے اندfire security کے systems موجود ہیں؟ ہمیشہ جو نزلہ گرتا ہے، جو زیادتی کی جاتی ہے وہ غریب عوام کے interests پر کی جاتی ہے۔ جہاں غریب اور middle class آدمی جاتا ہے، جہاں lower middle class کا آدمی جاتا ہے، وہاں آپ کہہ رہے ہیں کہ fire security standards meet نہیں کرتے، whether these standards are being met by the other places جہاں ہمارے بڑے بڑے لوگ چیزیں لینے کے لیے جاتے ہیں؟ مہربانی کریں اس وقت عوام مر گئے ہیں، ان پر تھوڑا رحم کریں، جہاں relief مل سکتا ہے، جہاں سے چیز مل سکتی ہے، کم از کم اس کو بند نہ کریں، اس پر میں باقی ساتھیوں کو بھی وقت دینے کا کہوں گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب! آپ اسی پر بات کرنا چاہیں گے۔

Senator Bilal Ahmed Khan

سینیٹر بلال احمد خان: جناب والا! میں اسی پر figure کے ساتھ بات کروں گا۔ یہ بازار 16 اکتوبر کو بند کیا گیا ہے۔ 23 جون 2026 کو اس بازار میں آگ لگی تھی اور تقریباً 380 stalls سامان سمیت راکھ میں تبدیل ہو گئے تھے۔ اس بازار میں 2700 سے زائد stalls ہیں اور ان stalls کو متوسط طبقے کے لوگ چلاتے ہیں اور متوسط طبقے کے لوگ ہی وہاں جا کر خریداری کرتے ہیں۔ اس وقت صرف سبزی اور فروٹ کے stalls کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنا کاروبار کریں جبکہ باقی تمام stalls بند پڑے ہوئے ہیں۔ وہاں جون کے مہینے میں آگ لگی تھی جبکہ انہیں October میں fire safety cylinders لگوانے کا کہا گیا۔ ان لوگوں نے اپنی جیبوں سے پیسے لگا کر fire safety cylinders لگائے لیکن اس کے باوجود انہیں ان کے stalls open کرنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ جناب والا! میں درخواست کروں گا کہ CDA کا جو بھی department اسے deal کر رہا ہے، خدارا! وہ وہاں جا کر دیکھیں کہ ان لوگو ں نے security کے تمام measures لیے ہوئے ہیں، ان measures کے بعد 3000 کے قریب غریب گھرانے کے لوگ جنہوں نے اپنی جیبوں سے پیسے لگا کر CDA کے بازار کو بنوایا، انہیں اجازت دی جائے کہ وہ اپنے stalls open کریں۔ یہ بازار مہینے میں بارہ دن لگایا جاتا ہے اور پورے مہینے میں لوگوں کا وہاں آنا جانا صرف بارہ دنوں کے لیے ہوتا ہے۔ اگر بارہ دنوں کے لیے آنے جانے میں CDA وہاں کے معاملات کو نہیں سکتی تو پھر یہ تمام

چیزیں CDA کو privatize کر دینا چاہییں، یہ انہی لوگوں کے حوالے کر دیا جائے۔ میں آخر میں یہ گزارش کروں گا کہ ان 3000 stalls holders کے تین لوگ بھی لگا لیں تو کتنے لوگ بنتے ہیں۔ خدارا! ان کے چلتے ہوئے کاروبار کو اور عام عوام جو لوگ وہاں جا کر سستی چیزیں خریدتے ہیں، ان کے لیے یہ بند نہ کیا جائے اور لوگوں کے آسانیاں پیدا کی جائیں۔ شکریہ۔ (جاری۔۔۔۔۔۔۔T/11)

T11-26Oct2026 Ali/Ed: Neelum 05:50 pm

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری ہے۔۔۔۔) ہر 2700 stall holder کے پیچھے اگر آپ کچھ نہیں صرف تین بندے بھی لگا دیں تو کتنے لوگ بنتے ہیں؟ تو خدا کے لیے ان کے چلتے کاروبار کو، ان کے روزگار کو اور اس روزگار سے related جو عام عوام ہے، جو وہاں سے سستی چیزیں خریدتے ہیں، ان کے لیے وہ راستہ بند نہ کیا جائے۔ لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کیجیے، .Thank you sir

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سرمد صاحب! ایک گزارش ہے، آپ نے بھی اس پر بات کرنی ہے اور اس پر طلال چوہدری صاحب نے جواب دینا ہے۔ ایک گزارش ہے سرمد صاحب سن لیں، سارے دوست بات کریں گے، میرا کہنا صرف یہ ہے کہ National Assembly چل رہی ہے۔ روبینہ خالد صاحبہ بات سنیں، امیر مقام صاحب! Resolution پیش کریں گے کیونکہ ان کو National Assembly جانا ہے تو اس کے بعد جواب دیجیے گا۔ امیر مقام صاحب! Resolution پڑھ دیں۔ آپ ابھی آئیں ہیں دو منٹ کے لیے ٹھہر جائیں۔ Resolution کشمیر کے متعلق ہے۔

Engr. Amir Muqam (Minister for Kashmir Affairs)

انجینئر امیر مقام (وفاقی وزیر برائے امور کشمیر): شکریہ جناب چیئرمین صاحب! دیر آئے درست آئے اور مجھے دکھ ہے کہ میں اسے بعد میں پیش کر رہا ہوں۔ یہ کشمیر کا معاملہ ہے اور اس کی Resolution ہم سب کے لیے اہمیت رکھتی ہے؛ چاہے کوئی اس side پر بیٹھا ہو یا دوسری side پر۔ تو Black Day کے حوالے سے، کل 27 اکتوبر ہے اور 1947 کو اس دن جو کچھ ہوا، جب Indian Forces نے آ کر مقبوضہ جموں و کشمیر پر قبضہ کیا، تب سے لے کر آج تک وہاں کے عوام suffer کر رہے ہیں، وہ دشمن کے سامنے ڈٹے ہوئے ہیں اور ان کی قربانیوں کی بہت بڑی داستانیں ہیں۔ اگر ان کی شہادتیں دیکھ لیں، ان کے گھروں کو اس طرح مسمار کرنا اور جیلوں کا حال دیکھ لیں، تو ایک figure کے مطابق تقریباً 8,000 لوگوں کو جیلوں کے اندر شہید کر دیا گیا اور آج بھی جیلیں بھری ہوئی ہیں۔ مگر میں ان لوگوں کے بارے میں کیا الفاظ پیش کروں؟

ان کے دلوں میں پاکستانیت کا وہی جذبہ موجود ہے، وہ اس کے لیے لڑ رہے ہیں اور ڈٹ کر بات کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے ہم ہر سال یہاں پاکستان میں، آزاد کشمیر میں، گلگت بلتستان میں، ہر صوبے میں اور ساتھ ہی abroad میں موجود اپنے Missions اور Embassies کے ذریعے اس دن کو Black Day کے طور پر مناتے ہیں۔ لہٰذا، میں یہی Resolution اس حوالے سے پیش کرنا چاہتا ہوں، جس پر سب نے sign بھی کیے ہیں؛ اس side نے بھی اور دوسری side نے بھی sign کیے ہیں۔ اب میں Resolution پیش کرنا چاہتا ہوں:

Resolution moved by Engr. Amir Muqam (Minister for Kashmir Affairs) condemning the illegitimate entry and forcible occupation of Jammu & Kashmir by Indian Forces on October 27, 1947

یہ ایوان 27 اکتوبر 1947 کو جموں کشمیر میں بھارتی افواج کے داخلے، ناجائز و جبری قبضے اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اس صورتحال کو مسئلہ کشمیر کی تاریخ کا ایک اہم موڑ قرار دیتا ہے۔ یہ ایوان مقبوضہ جموں و کشمیر کے حق خودارادیت کے اصول کے لیے جاری جدوجہد اور ان کی ان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔

یہ ایوان اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے متعلقہ قراردادوں کے مطابق مسئلہ جموں کشمیر کے پرامن حل اور کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دینے کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ یہ ایوان پاکستان کے اس اصولی موقف کا اعادہ کرتا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کی امنگوں اور حق خودارادیت کے احترام کے بغیر ممکن نہیں۔

لہٰذا یہ ایوان کشمیری عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور ان کے حق خودارادیت کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ یہ ایوان اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مسئلہ جموں و کشمیر کے حل کے لیے اپنے متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد اور کشمیری عوام کا ان کا تسلیم شدہ حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔

یہ ایوان عالمی برادری سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا notice لیں اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

لہٰذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے اپنی کوشش مزید مؤثر بنائے۔

اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ پاکستان کاایوان بالا کشمیری عوام کی جائز جدوجہد اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the Resolution before the House.

(The Resolution *was adopted)*

Mr. Presiding Officer: The Resolution is passed unanimously. Senator Sarmad Ali, please.

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین! میں اسی قسم کی بات کرنا چاہ رہا ہوں جو روبینہ خالد صاحبہ نے کی تھی۔ جہاں پر آج انہوں نے بات کی، اگر مجھے اجازت ہو تو میں بات کرلوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نماز پڑھ لیں، اس کے بعد تمام دوست بات کریں گے۔ پانچ منٹ کے لیے، نماز مغرب کا وقت ہے، محترمہ آپ پانچ منٹ میں نماز پڑھ کر آئیں، آپ کو دس منٹ مل جائیں گے۔ مغرب کا وقت ہے۔

(اس موقع پر نماز مغرب کے لیے وقفہ کیا گیا)

(جاری ہے۔۔۔۔۔T12)

T12–26Oct2026 Imran/ED: Mubashir 06:10 pm

(ایوان کی کارروائی نمازِ مغرب کے وقفہ کے بعد چھ بج کر دس منٹ پر زیرِ صدارت جناب پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر شہادت اعوان شروع ہوئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر سرمد علی صاحب خطاب کر رہے تھے۔ سینیٹر سرمد علی صاحب۔ تشریف نہیں رکھتے۔ میرا خیال میں بیرسٹر علی ظفر صاحب چونکہ آپ کے senior دوست ہیں۔ آپ جنازے سے ہو کے آئے ہیں، آپ کو time دیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا بولیں۔

Point raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati on sad demise of former Army Chief Gen. (R) Abdul Waheed Kakar

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میں ابھی جنرل کاکڑ صاحب جو سابقہ Army Chief تھے، اُن کے جنازہ میں شرکت کرکے یہاں پر آ رہا ہوں۔ میں پوری قوم کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وہاں پر میرے بھائی، میرے بیٹے جو وردی والے تھے اور جو سفید کپڑوں میں میری طرح تھے، اُن کا امتزاج ایک تاریخی حقیقت ہے۔ کاکڑ صاحب جب Army Chief تھے، میں نے ان دنوں اُنہیں نہیں دیکھا کیونکہ میں امریکہ میں تھا مگر میں نے سنا ہے کہ وہ انتہائی اصولی انسان تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج بھی تاریخ لکھی جارہی ہے کہ ہم ایک دوسرے کو پچھاڑنے کی بجائے، ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی بجائے، نیچا کرنے کی بجائے ہم اپنے ملک کے لیے، اپنے دستور کے لیے، اپنے آئین کے لیے، اُن قیود کے اندر اس ملکِ پاکستان کو بنائیں جس کی اس کو ضرورت ہے۔

میں اُن کی مغفرت کے لیے بھی دعا گو ہوں اور ان شاءاللہ تعالیٰ ان کے بیٹے سعد کے پاس بھی جا کر وہاں پر اُن کی مغفرت کے لیے دعا کروں گا کہ خدا تعالیٰ اُن کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ آمین۔ اپنی قوم کو بھی یہ کہہ رہا ہوں کہ اس ملک سے اگر ہماری نسبت ہے تو یہ ملک آئین، قانون اور دستور کے مطابق اور خاص کر ہمارے بنیادی حقوق کے مطابق جب ہم چلیں گے تو پھر ظلم کی دیواریں گریں گی، انصاف کا بول بالا ہوگا اور پاکستان خدا کے فضل سے آگے چلے گا۔ اللہ اُن کی مغفرت کرے۔ آمین۔ بہت بہت شکریہ، سر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اعظم سواتی صاحب! میرا خیال ہے کہ دعا بھی کر لیتے ہیں۔ مولانا صاحب دعا فرمائیے گا۔

FATEHA

سینیٹر نورالحق قادری: (عربی) اللہ تبارک و تعالیٰ جنرل صاحب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ پسماندگان، وارثان کو اللہ تعالیٰ اجر، صبر اور استقامت عطا فرمائے۔ (عربی)۔

(اس موقع پر ایوان میں مرحوم جنرل عبدالوحید کاکڑ صاحب کے لیے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب بیرسٹر علی ظفر صاحب۔

Point of Public Importance by Senator Ali Zafar regarding a report published in The Daily DAWN on changes in constituencies of National and Provincial Assemblies by Election Commission of Pakistan

سینیٹر سید علی ظفر: شکریہ جناب چیئرمین۔ سب سے پہلے تو میں یہ بتانا چاہوں گا کہ ہماری حکومت اور اُن کے اتحادیوں کی اتنی seriousness ہے کہ اس وقت نہ کوئی منسٹر، نہ کوئی سینیٹر۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب تشریف رکھتے ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: ہاں، ایک منسٹر صاحب ہیں، اُن کا شکریہ۔ باقی یہ seriousness ہے کہ میں اتنا important اور اہم مسئلہ لے کے آ رہا ہوں اور سب کو بتایا بھی تھا لیکن وہ ایوان میں نہیں بیٹھے۔ بہر حال، ایک Point of Order ہے۔ The Dawn اخبار میں ایک report آئی تھی اور وہ بڑی تشویش ناک report ہے۔ اُس میں یہ کہا گیا ہے کہ Election Commission of Pakistan نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی جو constituencies ہیں، اُن کی حدود اور علاقوں میں تبدیلیاں کر دی ہیں۔ بالخصوص اُنہوں نے کہا ہے کہ NA-2, 3, 4, 36, 38, 43, 44 and 45 میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ یہ معمولی بات نہیں ہے، یہ آپ جانتے ہیں۔ یہ بنیادی حقوق کی بات ہے کیونکہ صاف اور شفاف elections ہر ایک کا حق ہے۔ اگر آپ constituency میں تبدیلیاں کریں گے تو وہ اس بنیادی حق کو نقصان پہنچائیں گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: علی ظفر صاحب، آپ کی اجازت سے کہنا چاہوں گا کہ میرے خیال میں چونکہ متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں تو میں چاہوں گا کہ آپ نے بہت اہم بات کی ہے اور اگر منسٹر صاحب آ جائیں تو بات کریں تاکہ اس کا وہ جواب دیں۔ تو بہتر یہ ہوگا، نہیں، منسٹر صاحب اس سے متعلق نہیں ہوں گے، یا interior کے ہوتے یا رانا صاحب ہوتے یا وہ ہوتے کیونکہ آپ بہت اہم بات کر رہے ہیں تو بہتر ہے گورنمنٹ کا response ہوگا اگر۔۔۔

سینیٹر سید علی ظفر: منسٹر صاحب آ گئے ہیں۔ میں پھر سے شروع کرتا ہوں۔ جناب منسٹر صاحب! اگر آپ تشریف رکھیں تو میں آگے چلتا ہوں۔ Election Commission of Pakistan نے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کی حدود اور علاقوں میں جو تقسیم اور جو

تبدیلی کی ہے، جناب! یہ بہت اہم چیز ہے، منسٹر صاحب نوٹ کریں کہ یہ تبدیلی جو Election Commission of Pakistan نے کی ہے، یہ قوم کے اعتراضات سنے بغیر کی گئی ہے۔

Election Commission of Pakistan نے قومی اور صوبائی اسمبلی کی حدود اور علاقے میں بالخصوص NA-2, 3, 4, 36, 38, 43, 44 and 45 میں جو تبدیلیاں کی گئی ہیں اور جس طرح آپ کو بھی پتا ہے اور چیئرمین صاحب کو بھی معلوم ہے کہ یہ ایک بنیادی حقوق کا معاملہ ہے کیونکہ صاف، شفاف election کرانا ہر ایک کا حق ہے تاکہ وہ اپنے علاقوں سے اپنے منتخب لوگ elections کے ذریعے select کر سکیں۔

میں بتا رہا تھا کہ اس report کے مطابق Election Commission of Pakistan نے یہ جو علاقوں میں تبدیلی کی ہے اور جو حدود میں تبدیلی کی ہے، اس سلسلے میں عوام کے کسی قسم کے اعتراضات نہیں سنے گئے۔ اس کو انگریزی زبان میں اور ہمارے قانونی زبان میں gerrymandering کہتے ہیں۔Gerrymandering اس لیے کی جاتی ہے کہ وہ کسی نہ کسی کو جتانے کی خاطر constituency کے حدود تبدیل کریں۔ Election Commission of Pakistan ایک آئینی ادارہ ہے اور اس نے Election Act کے قانون کے تحت ہی کام کرنا ہے۔ اب Elections Act کی شق نمبر Article Section 22(2) کو ذرا میں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں تاکہ حکومت کے لوگوں کو بھی سمجھ آ جائے۔ Section 22(2) کہتا ہے کہ

The Commission shall publish in the official Gazette and on its website the proposed amendments, alterations or modifications with their justifications and invite and hear representations in respect thereof before taking final decision thereon.

یعنی کہ کسی بھی constituency میں تبدیلی کا فیصلہ عوام کو سنے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ یہ قانون اسی پارلیمان نے Elections Act 2017 میں ترمیم کرکے ڈالا تھا۔ اب میرا سوال یہ ہے۔۔۔ (جاری۔۔۔۔T13)

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری۔۔۔) اور یہ ایک قانون اسی parliament نے Election Act 2017 میں ترمیم کرکے ڈالا تھا۔ جناب! اب میرا سوال یہ ہے کہ اس پر آپ بھی نوٹس لیجیے اور میرا سوال منسٹر صاحب سے ہے کہ آپ جواب دیجیے کہ یہ کس طرح ہو سکتا ہے اور اس notification کو فی الفور cancel کیا جائے؟ کیونکہ Election Commission of Pakistan ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟ کورم۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! کورم تو نہ point out کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، بات کریں بیرسٹر صاحب! آپ بات کریں، بہت اہم بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! میں جواب چاہوں گا اور میں چاہوں گا کہ constituency میں تبدیلی سے پہلے یقینی بنایا جائے اور election section 22(2) میں عوام کا mandate ہے اس کو سنا جائے۔ اگر کوئی notification issue ہوا ہے جو Dawn اخبار نے report کی ہے تو وہ notification واپس لیا جائے۔ جناب! یہ میرا پہلا موقف ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری۔

Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلمانی امور): جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ابھی تو اخبار کی خبر ہی ہے۔ گزارش یہ ہے کہ معزز ممبر نے Election Commission of Pakistan کے حوالے سے جو اعتراض کیا ہے اور اس پر انہوں نے کچھ specifically کچھ حلقوں کا 234,36,38,43,45 کی بات کی ہے کہ ان کی جو boundaries ہیں اس میں کوئی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے اخبار کی ایک خبر کا حوالہ دیا ہے میری گزارش ہے کہ اگر کوئی specific notification ہے تو وہ share کیا جائے۔ ہم ان شاء اللہ accordingly اس پر report لے کر اور معلومات لے کر بالکل ایوان کو update کریں گے لیکن اس کے ساتھ ضمناً ایک بات میں عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ ایک Election Commission of Pakistan میں process موجود ہے، جب بھی

delimitation کی جاتی ہے یا اس میں کچھ تبدیلیاں کی جاتی ہیں اور ہمیشہ وہ فہرستیں سب سے پہلے آویزاں کی جاتی ہیں، اس پر public کے اعتراضات سنے جاتے ہیں اور اس کے بعد حتمی فیصلہ کیا جاتا ہے۔ میں خود 2002 سے قومی اسمبلی کا election لڑ رہا ہوں۔ میں پہلی مرتبہ 2008 قومی اسمبلی کا ممبر بنا ہوں۔ جناب! ہر مرتبہ ابھی سیٹوں میں اضافہ کیا گیا یعنی 1987 میں پورے اسلام آباد کی NA-35 ایک سیٹ ہوتی تھی۔ اس کے بعد یہاں پر 2002 میں دو سیٹیں اور اب تین سیٹیں ہیں۔ جناب! یہ اضافے اور delimitations ایک routine کا process ہے لیکن اس وہ ہمیشہ public کے لیے آویزاں کی جاتی ہیں، اور website پر ہوتی ہیں، اس کے بعد اعتراضات سن کر حتمی فیصلہ کیا جاتا ہے لیکن معزز ممبر نے اس خبر کی نشاندہی کی ہے۔ میں خود بھی ان سے مزید معلومات لے لیتا ہوں ان شاء اللہ precisely ایوان کو update کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ مولانا سینیٹر عطاالحق صاحب۔

Point of Public Importance raised by Senator Attaul Haq regarding the on-going anti-establishment operation and demolition of Madrassa in *Khyber Pakhtunkhwa*

جناب سینیٹر عطاالحق: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد، فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ومن اظلم ممن منع مساجد اللہ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب البلاد الی اللہ مساجدہا وابغض البلاد الی اللہ اسواقہا، صدق اللہ وصدق رسولہ النبی الامی الکریم۔ انتہائی معزز و مکرم جناب چیئرمین! ایوان میں تشریف فرما انتہائی معزز سینیٹرز حضرات! میں انتہائی حساس موضوع کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ صوبہ KPK میں صوبائی حکومت کا خاتمہ دہشت گردی کی آڑ میں پھر گورنر راج اور emergency کا نفاذ نتیجہ نکلا encroachment اور مدارس کے خلاف operation کھودا پہاڑ، نکلا چوہا، وہ بھی مردہ۔

جناب! Advisor for Information نے مدارس، مساجد، دینی طلباء اور علماء کے خلاف press conference کی ہے۔ میں مذمت کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ قوم کو بھی یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مدارس کی تاریخ اور تاریخی تسلسل 10 سال پرانی نہیں، 100 سال پرانی نہیں، 1400 سالہ تاریخ ہے۔ ان کی سیاسی خدمات ہیں وہ بھی کوئی 100 سال، 200 سال خدمات نہیں، 1400 سالہ تاریخ رکھتے ہیں۔ جامعات اور مدارس کی تاریخی تسلسل غار حرا مدرسے تک پہنچتی ہے۔ غار حرا سے دنیائے عالم کو محبت، اتفاق اور اتحاد، عدل و انصاف کا پیغام ملا ہے۔ آج کل پاکستان کے اندر 27 ہزار مدارس ہیں یہاں سے قوم اور ملت اور دنیائے عالم کو اگر پیغام ملے گا تو وہ امن کا پیغام،

محبتوں کا پیغام، فجر کی نماز، اتفاق اور اتحاد کا پیغام ملے گا۔ میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں اگر آج ہم اپنے رب کو بحیثیت رب مانتے ہیں، جناب محمد رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کو ہم بحیثیت پیغمبر مانتے ہیں اور ہم والدین کا تقدس جانتے ہیں، ہم بیوی اور بہن کے درمیان تمیز، امتیاز جانتے ہیں تو یہ سارے کے سارے دینی مدارس، اسلامی علوم اور علماء کی برکت سے ہے۔ میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مدارس کو لاوارث نہ سمجھیں۔ آج میں اس ذمہ دار فورم پر صرف جمیعت علماء اسلام کا نمائندہ نہیں ہوں۔ میں اس ذمہ دار فورم پر پاکستان کے 27 ہزار مدارس کا نمائندہ کھڑا ہوں۔ میں اس floor پر تبلیغی مراکز کا نمائندہ کھڑا ہوں۔ میں پاکستان کے اندر تصوف اور خانقاہی نظام کا ایک نمائندہ کھڑا ہوں۔ میں اس floor پر وقت ختم نبوت کاروان اور قافلے کا ایک سپاہی کھڑا ہوں۔ آپ بالکل اس کو لاوارث نہ سمجھیں! اس کے خلاف اگر کوئی press conferences کرنا چاہتے ہیں، مدارس کے حوالے سے، مدارس کے انتظامی امور کے حوالے سے، مدارس کے نظام تدریس کے حوالے سے، مدارس کے نظام نصاب کے حوالے سے اگر کوئی غلط ارادے رکھتے ہیں تو آج میں ان کو اس ذمہ دار فورم سے یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں اگر آپ نے مدارس کو بے جا چھیڑا، اس کے خلاف اگر آپ نے کوئی اقدامات کیے تو پھر 27 ہزار مدارس کے لوگ یہاں ڈی چوک میں ان شاء اللہ آئیں گے فیصلے پھر ہم سڑک کے اوپر کریں گے، ان شاء اللہ العزیز۔

میں حکومت کو یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مدارس کے حوالے سے جو مسائل تھے وہ تو 26 ویں ترمیم میں طے شدہ ہیں۔ اس کے بعد اس طرح کے مسائل سامنے لانا، اس پر press conferences کرنا، قوم کو کوئی پروپیگنڈے کے ہاتھ کی طرح، پروپیگنڈے کے انداز میں اُن کو گمراہ کرنا، ہم اِس کو بالکل برداشت نہیں کریں گے۔ میں آج یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مدارس کے اندر کوئی دہشت گرد نہیں، نہ کوئی دہشت گردی کے نظریے اور سوچ وہاں پر ہے۔ وہاں پر قال اللہ و قال الرسول ہم پڑھاتے ہیں، لہٰذا صوبہ KPK میں مدارس کے حوالے سے ہمارے صوبائی گورنر صاحب، میں نے 40 سالہ تاریخ، 40 سالہ سیاسی زندگی میں میں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کسی leader کو اس طرح لب ولب اور اسی طرح کہنے، اسی طرح لب و زبان ان کا نہیں سنا ہے جس طرح کہ گورنر KPK کے ہیں۔ وہ عوام کو اس طرح dictate کرتا ہے جیسے کہ ایک آقا اپنے غلام کو ہدایات جاری کرتے ہیں۔ ہم اس کو ماننے کے لیے بالکل تیار نہیں ہیں اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ encroachment کے خلاف ہم operation کریں گے۔ کسی کو ہم پہلے سے کوئی نوٹس وغیرہ جاری نہیں کریں گے اور دعویٰ کیا ہے کہ یہ ملکیت ہماری ملکیت ہے۔ میں اس ذمہ دار ایوان سے تمام پاکستانیوں کو challenge کرتا ہوں، ان کے پاس ملکیت کے حوالے سے ایک پرچی تک نہیں ہے۔ وہاں سڑکوں کے دائیں اور بائیں جانب جتنی بھی زمینیں ہیں یہ عوام کی ملکیت ہیں۔ (جاری۔۔۔T14)

سینیٹر عطاالحق۔۔۔(جاری)۔۔وہاں سڑکوں کے دائیں اور بائیں جانب جتنی بھی زمینیں ہیں یہ عوام کی ملکیت ہیں اور ان کے پاس انتقالات اور رجسٹریاں پڑی ہوئی ہیں۔ بلا نوٹس کے لوگوں کو بھجواتے ہیں۔ لوگوں کا نقصان ہوا اور یہ کہتے ہیں کہ میں نوٹس بھی نہیں بھیجوں گا اور کسی کو مطلع بھی نہیں کروں گا، میں بغیر اطلاع اور نوٹس کے آپریشن کروں گا، لہٰذا اگر اس طرح کا رویہ اور معاملات ہوں گے تو ہم ان شاء اللہ العزیز پھر ہم اس رویے اور آپریشن کے خلاف سڑکوں پر نکلیں گے۔ ہم آئینی اور پارلیمانی انداز میں ان شاء اللہ العزیز احتجاج کریں گے اور انہیں ان شاء اللہ العزیز ان کے ارادوں سے واپس ان کے گھر بھجوائیں گے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

Mr. Presiding Officer: Order No.67, we may now take-up Order No.67, Senator Samina Mumtaz Zehri, please move Order No.67.

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ اس وقت موجود نہیں ہیں۔ Order No.68 is on the name of Senator Jan Muhammad, وہ بھی موجود نہیں ہیں۔

Order No.69, Now we may take up Order No.69, Mashal Azam, please move the motion.

Motion Under Rule 218 moved by Senator Mashal Azam regarding the challenges faced by the underprivileged segments of the society

سینیٹر مشعال اعظم: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! آج کا motion جو میں یہاں سینیٹ کے floor پر لائی ہوں یہ بہت مشکلوں سے یہاں پہنچا ہے۔ جب میں نے یہ move کیا تھا تب میرا مقصد تھا کہ میں پاکستان کی ان آوازوں کی آواز بنوں جو دبائی جا رہی ہیں۔ جن کے انسانی حقوق پامال کیے جا رہے ہیں لیکن پچھلے ایک ماہ سے particularly پچھلے بیس دنوں سے ہم نے جو پاکستان میں دیکھا اور especially خیبر پختونخوا میں اس سے تو یہ تاثر جا رہا ہے کہ پاکستان کے سب سے زیادہ underprivileged علاقے خیبر پختونخوا اور بلوچستان ہیں۔ شاید بلوچستان سے بھی زیادہ خیبر پختونخوا ہے جس کے ساڑھے چار کروڑ عوام کا منتخب وزیر اعلیٰ لاپتہ ہے۔ ساڑھے چار کروڑ کا منتخب سپیکر اسمبلی جو گورنر راج میں بھی رہتا ہے وہ لاپتہ ہے۔ ہمارے Parliamentarians لاپتہ ہیں، ہمارے MNAs and MPAs لاپتہ ہیں۔ جس دہشت

گردی کا بیانیہ بنانے کی مد میں ساڑھے چار کروڑ عوام کا mandate چرایا گیا، پچھلے ایک ہفتے سے وہاں صرف پاکستان تحریک انصاف کے جھنڈے ہٹائے جا رہے ہیں، تختیاں ہٹائی جا رہی ہیں، چادر اور چار دیواری کی پامالی ہو رہی ہے اور پختون روایات پامال ہو رہی ہیں۔

جناب چیئرمین ! ہماری حکومت تھی لیکن ہم نے پھر بھی پختون روایات کو مد نظر رکھ کر کبھی بھی اپوزیشن یا کسی مخالف جماعت کی چادر اور چار دیواری کو پامال نہیں کیا۔ ہم نے اکثر ہمارے پنجاب کے Parliamentarians گلہ کرتے تھے کہ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم: ہم underprivileged segment of society ہیں، خیبر پختونخوا کی عوام underprivileged segment of society ہے، ہم پاکستان کی underprivileged segment of society ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم: آپ حوصلہ کریں اور بیٹھ جائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم : یہ میرا جتنا بھی وقت خراب کریں گے میں اتنا ہی زیادہ بولوں گی۔ حوصلہ کریں، بیٹھ جائیں۔ ہم آپ کو آئینہ دکھا رہے ہیں اور آپ کی چیخیں نکل رہی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : مشعال صاحبہ، آپ ایک گزارش سنیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب، cross talk نہ کریں۔ ایک منٹ سنیں۔ دیکھیں میڈم بات یہ ہے کہ آپ کا motion ہے، گزارش سنیں، آپ advocate بھی ہیں، بیرسٹر علی ظفر صاحب بھی کھڑے ہوئے ہیں، آپ اپنے آپ کو motion تک confined رکھیں۔

سینیٹر مشعال اعظم: جناب میں motion تک ہی confined کر رہی ہوں، یہ باتیں اگر میں motion میں لکھتی تو شاید یہ floor تک بھی نہ آتا۔ میرا حق ہے کہ میں بولوں، ہم underprivileged segment of society ہیں۔ آپ نے ہمارا mandate چھینا، آپ نے ہمارے صوبے پر شب خون مارا، آپ نے جمہوریت پر شب خون مارا۔ آپ ہمارے لوگوں کو لاپتہ کر رہے ہیں۔ آپ ہمارے تمام حقوق کی پامالی کر رہے ہیں۔ آپ ہماری چادر اور چار دیواری کی پامالی کر رہے ہیں۔ وہاں پر جھنڈے ہٹائے جا رہے ہیں۔ کیا آپ کو وہاں پر دہشت گرد جھنڈوں کے روپ میں ملے ہیں۔ کیا آپ کو ہماری تختیوں کے روپ میں دہشت گرد ملے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں اگر House in order نہیں رہے گا، بٹ صاحب House کو in order رکھیں۔ دیکھیں جی گزارش سن لیں، آپ کے بھی senior Barrister Ali Zafar صاحب نے آپ کو بھی اشارہ کیا ہے۔

سینیٹر مشعال اعظم: مجھے میرے پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر صاحب نے اشارہ نہیں کیا ہے، انہوں نے مجھ سے کہا ہے کہ بولو، تو جناب آپ مجھے بولنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ بولیں، آپ کو بولنے کے لیے کہا لیکن آپ اپنے آپ کو۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم: جناب ایسا نہیں ہو سکتا کہ آپ ہمارے ساتھ جو مرضی کرتے رہیں اور آپ ہمیں یہاں rules پڑھائیں۔ جناب مجھے بولنے دیں، میرے لوگوں کے ساتھ جو کچھ ہوا یہ میرا حق ہے اور یہ میرا ایجنڈا ہے۔ Rules کے مطابق یہ میرا حق ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم مشعال اعظم صاحبہ، میں آپ سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ آپ Chair کو بھی سنیں، آپ معزز رکن ہیں، آپ کو ہمیشہ وقت ملتا ہے، آپ ہر بات بولیں، لیکن آپ نے motion move کیا ہے، آپ یوں کر لیں کہ فی الحال آپ اپنے آپ کو motion تک confined رکھیں۔

سینیٹر مشعال اعظم: جناب motion تک ہی کر رہی ہوں، underprivileged segment of society کسے کہتے ہیں۔ جناب آپ ہمیں اس کی definition بتا دیں۔ آپ ہمارے انسانی حقوق پامال کر رہے ہیں۔ آپ ہمارا mandate چوری کر رہے ہیں۔ آپ ہمارے لوگوں کو لاپتہ کر رہے ہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: انہوں نے آپ کے سامنے پڑھا ہے۔ بٹ صاحب، اس طرح نہیں کریں۔ Order in the House. اگر آپ House کو نہیں چلنے دیں گی۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم: ساڑھے چار کروڑ عوام کا mandate آپ نے چوری کیا ہے۔ آپ نے ان کے mandate پر شب خون مارا ہے اور اب ہم آپ کی باتیں بھی سنیں۔ جناب انہیں بٹھائیں، چپ کر کے بیٹھ جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دیکھیں میں آپ کو دوبارہ warn کرتا ہوں، میڈم آپ اس طریقے سے بات نہیں کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشعال اعظم: بیٹھ جائیں۔ وہ اٹھ کر مجھ سے باتیں کر رہے ہیں۔ آپ انہیں منع کریں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ مجھے address کریں۔ میں آپ سے request بھی کرتا ہوں اور آپ کو warn بھی کرتا ہوں کہ آپ معزز رکن ہیں، آپ اس طرح سے کسی رکن کو نہیں کہیں۔ نہیں آپ مجھے address کریں۔

سینیٹر مشعال اعظم: جناب وہ ہم پر انگلی اٹھا رہے ہیں، ہم کریں گے جناب۔ انہیں بٹھا دیں۔ جناب وہ کھڑے ہو کر مجھے interrupt کریں گے اور میں بولوں بھی نہیں۔ ہمارے ساڑھے چار کروڑ عوام کے mandate پر شب خون مارا گیا ہے۔ ہمارے صوبے میں جمہوریت پر شب خون مارا گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ اس طریقے سے behave نہیں کریں گی۔ افنان صاحب آپ بھی تشریف رکھیں۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Tuesday, 27th October, 2026 at 11:30 a.m.

(The House was then adjourned to meet again on Tuesday, 27th October, 2026 at 11:30 a.m*)*
